جی ڈی۔ گوئنکا پبلک اسکول سرینگر

مضمون:۔ اُردو بطور دوسری زبان　　**جماعت:۔** تیسری

عنوان:۔ ماں　　**تاریخ :۔** ۲۴۔۰۸۔ ۲۰۲۱

ضروری اطلاع

اس پی۔ ڈی۔ ایف کو پرنٹ کرنے کی کوئی ضرورت نہیں۔

اس کام کو اپنی اُردو کاپی پر ہی لکھا جائے۔

مقاصد تدریس

بچوں میں اہم الفاظ کے معنی ڈھونڈنے کی صلاحیت حاصل ہو گی۔

پڑھائی اور لکھائی کی مہارت حاصل کریں گے۔

سبق نمبر:۔۱۱　　## ماں　　صفحہ نمبر:۔۵۶۔۵۷

جب ماں اپنی اولاد کو اس قدر تکلیفیں اُٹھا کر **پرورش** کرتی ہے تو اولاد کا بھی فرض ہے کہ وہ بڑا ہونے کے بعد اپنی ماں کی **خدمت** کرے۔ حقیقت یہ ہے کہ بڑی خدمت کرنے کے باوجود کوئی انسان اپنی ماں کے ایک رات جاگنے کا حق بھی ادا نہیں کر سکتا۔ جس قدر بھی ہو سکے ہمیں اپنی ماں کو خوش رکھنے کی کوشش کرنی چاہیے۔ حدیث شریف میں ہے کہ جنت ماں کے قدموں کے نیچے ہے۔ یعنی اگر کوئی آدمی اپنی ماں کو خوش رکھتا ہے تو وہ اپنی زندگی ہی میں جنت خرید لیتا ہے۔ نادر شاہ کے متعلق بیان کیا جاتا ہے کہ وہ ایک غریب **گڈریے** کا بیٹا تھا۔ اتفاقاً ایک رات اس کی ماں کی طبیعت ناساز ہو گئی۔ اس کی ماں نے نادر شاہ سے پانی مانگا۔ وہ پانی کا کٹورا بھر کر لایا۔ جب وہ اپنی ماں کے بستر کے قریب پہنچا تو وہ گہری نیند سو رہی تھی۔ یہ بیچارہ کٹورا لیے ساری رات اپنی ماں کے **سرہانے** کھڑا رہا۔ صبح کے وقت جب اس کی ماں بیدار ہوئی تو اس نے دیکھا کہ اس کا بیٹا پانی کا کٹورا لیے سرہانے کھڑا ہے۔ وہ اسے اس حالت میں دیکھ کر بڑی خوش ہوئی اور اسے دعا دینے لگی خدا کرے تو بادشاہ ہو جائے۔ خدا کی شان دیکھو کہ ماں کی دعا نے یہ اثر دکھایا کہ وہ ایک دن ایران کا بادشاہ بن گیا۔

نوٹ:۔ خط کشیدہ الفاظ کو معنی کے ساتھ اپنی کاپی پر لکھا جائے۔

G.D.G.P.S